مقتدی کا کلام کے ذریعے لقمہ دینے کا حکم؟

مجیب: مولانا محمد علی عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-3192

تاریخ اجراء: 15 ربیع الثانی 1446ھ / 19 اکتوبر 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

اگر امام مغرب کی نماز کی دوسری رکعت میں دونوں طرف سلام پھیر دے اور کچھ مقتدی بول کر لقمہ دیں کہ "دو رکعت ہوئی ہیں"، اور امام کھڑے ہو کر وہیں سے نماز مکمل کر کے سجدہ سہو کر لے نماز ہو گی یا نہیں جبکہ امام نے منافی نماز کوئی کام نہ کیا ہو؟

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

پوچھی گئی صورت میں جس جس مقتدی نے یہ بول کر لقمہ دیا کہ "دو رکعت ہوئی ہیں"، اس کی نماز فاسد ہو گئی کیونکہ یہ کلام کرنا ہے اور نماز میں کلام کرنا نماز کو فاسد کر دیتا ہے، پھر اگر امام نے ان مقتدیوں کا لقمہ لے کر نماز کی تیسری رکعت مکمل کی تو اب امام کی نماز غیر مقتدی سے لقمہ لینے کی وجہ سے ٹوٹ گئی، اور امام کی وجہ سے تمام مقتدیوں کی نماز بھی ٹوٹ گئی، لہٰذا اس صورت میں اس نماز کو دوبارہ سے ادا کیا جائے گا۔

صحیح مسلم میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا "من نابه شيء في صلاته فليسبح فإنه إذا سبح التفت إليه" ترجمہ: جب نماز میں کوئی امر حادث ہو جائے تو سبحان اللہ کہو، جب سبحان اللہ کہا جائے گا تو امام متوجہ ہو جائے گا۔ (صحيح مسلم، رقم الحديث 421، ج 1، ص 316، دار إحياء التراث العربي، بيروت)

فتاوی ہندیہ میں ہے "اذا تکلم فی صلاته ناسياً أو عامداً، خاطئاً أو قاصداً، قليلا أو كثيرا تكلم لاصلاح صلاته بأن قام الامام فی موضع القعود فقال له المقتدی "اقعد" أو قعد فی موضع القيام فقال له "قم"۔۔۔ استقبل الصلاة عندنا" ترجمہ: جب کوئی آدمی نماز میں کلام کرے، خواہ بھول کر یا جان بوجھ کر، خطا کے طور پر کرے یا قصداً، کم ہو یا زیادہ، خواہ اس کا کلام نماز کی اصلاح ہی کے لئے کیوں نہ ہو مثلاً امام کو بیٹھنا تھا مگر کھڑا ہو گیا، مقتدی نے کہا "بیٹھ جا" یا کھڑا ہونے کا مقام تھا، بیٹھ گیا، مقتدی نے کہا "کھڑا ہو جا" تو ان تمام صورتوں میں

ہمارے نزدیک (مقتدی کی نماز فاسد ہو جائے گی) اور وہ نئے سرے سے نماز پڑھے گا۔(فتاوی ھندیۃ،ج1،ص98،دار الفکر،بیروت)

بہار شریعت میں ہے "اپنے مقتدی کے سوا دوسرے کا لقمہ لینا بھی مفسد نماز ہے۔"(بہار شریعت،ج1،حصہ3، ص607،مکتبۃ المدینہ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net